| Paper Code Number: 4023 | 2023 (1st-A)<br>انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارہویں ) | رول نمبر ______ |
|---|---|---|

| کل نمبر = 20 | وقت = 20 منٹ | معروضی | گروپ-پہلا | اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا |
|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

MTN-12-1-23

نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ایوب عباسی کا قد مشکل سے ______ فٹ تھا۔ | پانچ | ساڑھے پانچ | سوا پانچ | چار |
| 2 | پورے افغانستان میں مطبعوں کی تعداد ______ تھی۔ | پچاس | پندرہ | پانچ | پچیس |
| 3 | ٹیلی گرافی کا آلہ ______ نے ایجاد کیا۔ | اسٹلے کورس | فنلے مورس | کنگلے ٹورس | بنگلے نورس |
| 4 | دادا ابا نے ہم سب کو ایک ایک ______ دی۔ | برفی | گرتی | اشرفی | ٹافی |
| 5 | پشاور میں مصنف نے ______ ہوٹل میں قیام کیا۔ | ڈین | ڈائن | ڈیوائن | ڈین |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | اگر محنت کرو گے ______ پاس ہو جاؤ گے۔ | پھر | تو | مگر | لیکن |
| 7 | اگرچہ وہ غریب ہے ______ ایماندار ہے۔ | اس لیے | چنانچہ | لیکن | لہٰذا |
| 8 | علی نے قلم، کتاب اور کاپی :- | خریدیں | خریدے | خریدا | خریدی |
| 9 | روپیہ، پیسہ، مال اسباب کچھ نہ :- | رہے | رہا | رہی | رہیں |
| 10 | "قصص الانبیا" چھپ :- | چکے ہیں | چکیں ہیں | چکی ہے | چکا ہے |

رموز اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | " " یہ ______ کی علامت ہے۔ | قوسین | فجائیہ | تفصیلیہ | واوین |
| 12 | ندائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے۔ | تفصیل بتانے کے لیے | استفہامیہ جملوں میں | جملے کے خاتمے پر | مخاطب کرنے کے لیے |
| 13 | مخاطب کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔ | :- | ؟ | : | ! |
| 14 | علامت کا درست استعمال کس جملے میں ہے؟ | آہا؛ ہم میچ جیت گئے۔ | آہا:- ہم میچ جیت گئے۔ | آہا! ہم میچ جیت گئے۔ | آہا: ہم میچ جیت گئے۔ |
| 15 | وضاحتی جملے کے گرد علامت لگاتے ہیں۔ | قوسین | ختمہ | واوین | سکتہ |

امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیش نظر درست جواب منتخب کیجیے۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | دینا | مجھے کاپی دینا۔ | اس نے سب کو ہنسا دیا۔ | اسے پانی دو۔ | اسے امتحان دینا ہے۔ |
| 17 | آنا | تم آجاؤ۔ | سب آگئے۔ | وہ کیوں نہیں آیا؟ | لو چاند نکل آیا۔ |
| 18 | ہونا | اسے کیا ہوا ہے؟ | لوگ سوئے ہوئے ہیں۔ | جو ہوا غلط ہوا۔ | اسے بخار نہیں ہوا۔ |
| 19 | بیٹھنا | کبوتر مینار پر جا بیٹھا۔ | وہ بیٹھ کر نماز پڑھتا ہے۔ | وہ کرسی پر بیٹھا ہے۔ | وہ زبردستی یہاں بیٹھ گیا۔ |
| 20 | نکلنا | نتیجہ نکل آیا۔ | تم کہاں سے نکل آئے؟ | اس کا کاروبار چل نکلا۔ | سب نکلو یہاں سے۔ |

ParhloPakistan.com

رول نمبر ____________ 2023 (1st-A)

## انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

MTN-12-1-23

**اردو ( لازمی )** **پرچہ - دوسرا** وقت = 2.40 گھنٹے

**گروپ - پہلا** **انشائیہ** کل نمبر = 80

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

### حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

بلائیں شاخِ گل کی لیں نسیمِ صبح گاہی نے — ہوئیں کلیاں شگفتہ روئے رنگیں بتاں ہو کر
کیا پھولوں نے شبنم سے وضو صحنِ گلستاں میں — صدائے نغمۂ بلبل اُٹھی بانگِ اذاں ہو کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

وائے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھ کو — آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ — عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

ParhloPakistan.com

### حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) بنوامیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا، اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔ عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس بدعت کو بالکل مٹا دیا۔

(ب) اتفاقاً ایک میدان وسیع میں تختہ پھولوں کا کھلا کہ اس سے عالم مہک گیا مگر بُو اس کی گرم اور تیز تھی۔ تاثیر یہ ہوئی کہ لوگوں کی طبیعتیں بدل گئیں اور ہر ایک کے دل میں خود بخود یہ کھٹک پیدا ہوئی کہ سامانِ عیش و آرام کا جو کچھ ہے میرے ہی کام آئے اور کے پاس نہ جائے۔ اس غرض سے اس گلزار میں گلگشت کے بہانے کبھی تو فریب کے جاسوس اور کبھی سینہ زوری کے شیاطین آ کر چالاکیاں دکھانے لگے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) نواب محسن الملک (ii) مولانا ظفر علی خاں

5۔ نصاب میں شامل احسان دانش کی نظم "تغیر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) والدین کے حقوق (ii) اُردو زبان ضرورت واہمیت (iii) ماحولیاتی آلودگی

7۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے حوالے سے مدیر کے نام خط تحریر کریں۔ 10